حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾

صورت کی اچھی ، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ،

حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ ﴿۷۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

حوریں ہیں خیموں میں پردہ نشیں ، تو اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ

کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ، ان سے پہلے انھیں ہاتھ نہ لگایا کسی آدمی

وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾

اور نہ جن نے ، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ،

مُتَّكِـِٕیْنَ عَلٰی رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِیٍّ

تکیہ لگائے ہوئے سبز بچھونوں اور منقش خوبصورت چاندنیوں

حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾

پر ، تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ،

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾ ع ۳ ۳ ۱۳

بڑی برکت والا ہے تمہارے رب کا نام جو عظمت اور بزرگی والا۔

Marfat.com

فضائلِ سُورۂ واقعہ

یہ سُورت بڑی بابرکت ہے۔ اس کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے چند ارشادات حسبِ ذیل ہیں :۔

حدیث۔۱ بیہقی نے شعب الایمان میں ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم سے مَیں نے سُنا کہ جو آدمی رات کو سورۃ الواقعۃ پڑھے گا اسے کبھی فاقہ نہ ہوگا۔

حدیث۔۲ حضرت ابو مردویہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔ اُنھوں نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی نقل کیا کہ سُورۃ الواقعہ تونگری کی سُورت ہے لہٰذا اسے پڑھو اور اپنی اولاد کو سکھاؤ اور دیلمی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کی کہ اپنی عورتوں کو سُورۃ الواقعہ سکھاؤ کہ یہ تونگری اور مالداری کی سُورت ہے۔ (رُوح المعانی)

جو شخص اسے روزانہ ۴۱ بار پڑھے اس کی روزی فراخ ہو جائے گی اور ایک سال تک یہ عمل جاری رکھے کیونکہ اسے روزانہ پڑھنے والا غنی ہو جاتا ہے اور کبھی فاقہ کا شکار نہیں رہتا۔ اگر اس سُورت کو قبرستان میں جا کر اپنے مرحوم کی قبر کے سرہانے کی طرف بیٹھ کر پڑھا جائے اور اس کے بعد اس مرحوم کی بخشش اور نجات کی دُعا کی جائے تو اِن شاء اللہ عذابِ قبر سے نجات پائے گا مگر اس عمل کو چالیس روز تک مسلسل کرنا چاہیئے۔ اگر کسی شخص کی پیداوار میں نقصان ہو جاتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس سُورت کو تین مرتبہ پڑھے اور بیج بونے سے پہلے بیجوں پر دَم کرے۔ اس کے بعد اُن بیجوں کو کاشت کرے، اِن شاء اللہ پیداوار میں اضافہ ہوگا اور فصل آفتوں سے محفوظ رہے گی۔

اگر کسی عورت کے ہاں بچّہ پیدا ہونے والا ہو تو اس سُورت کو تھوڑے سے پانی پر سات مرتبہ دَم کر کے پِلائیں۔ اِن شاء اللہ ولادت میں آسانی ہوگی۔

Marfat.com

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ واقعہ مکی ہے اور اس میں چھیانوے آیات اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝۱ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا

جب ہوے گی وُہ ہونے والی اس وقت اس کے ہونے میں کسی کو انکار کی

كَاذِبَةٌ ۝۲ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝۳ اِذَا رُجَّتِ

گنجائش نہ ہوگی کسی کو پست کرنے والی کسی کو بلندی دینے والی جب زمین کانپے گی تھرتھرا

وقف لازم

الْاَرْضُ رَجًّا ۝۴ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝۵

کر ، اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں گے چورا ہو کر جیسے روزن کی دھوپ میں

فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝۶ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا

غبار کے باریک ذرّے پھیلے ہوئے ، اور تم تین قسم کے ہو جاؤ

ثَلٰثَةً ۝۷ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

گے ، تو داہنی طرف والے کیسے داہنی طرف

الْمَيْمَنَةِ ۝۸ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

والے ، اور بائیں طرف والے ، کیسے بائیں

الْمَشْئَمَةِ ۝۹ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۝۱۰

طرف والے ، اور جو سبقت لے گئے وُہ تو سبقت ہی لے گئے

اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝۱۱ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝۱۲

وہی مقرب بارگاہ ہیں چین کے باغوں میں ،

Marfat.com

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٤﴾

اگلوں میں سے ایک گروہ اور پچھلوں میں سے تھوڑے

عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿١٥﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا

جڑاؤ تختوں پر ہوں گے ، ان پر تکیہ لگائے ہوئے آمنے

مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿١٦﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

سامنے ، ان کے گرد پھریں گے ہمیشہ رہنے والے

مُّخَلَّدُوْنَ ﴿١٧﴾ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ

لڑکے ، کوزے اور آفتابے اور جام اور آنکھوں

مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿١٨﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا

کے سامنے بہتی شراب کہ اس سے نہ انھیں دردِ سر ہو نہ ہوش میں

يُنْزِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿٢٠﴾

فرق آئے ، اور میوے جو پسند کریں ،

وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢١﴾ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿٢٢﴾

اور پرندوں کا گوشت جو چاہیں ، اور بڑی آنکھ والیاں حوریں

كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿٢٣﴾ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا

جیسے چھپے رکھے ہوئے موتی ، صلہ ان کے اعمال

يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا

کا ، اس میں نہ سنیں گے کوئی بیکار بات نہ

تَاْثِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿٢٦﴾ وَاَصْحٰبُ

گنہگاری ، ہاں یہ کہنا ہوگا سلام سلام ، اور داہنی

Marfat.com

الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ؕ﴿۲۷﴾ فِيْ سِدْرٍ

طرف والے ، کیسے داہنی طرف والے ، بے کانٹوں کی

مَّخْضُوْدٍ ۙ﴿۲۸﴾ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ۙ﴿۲۹﴾ وَّظِلٍّ

بیریوں میں ، اور کیلے کے گچھوں میں اور ہمیشہ کے

مَّمْدُوْدٍ ۙ﴿۳۰﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ۙ﴿۳۱﴾ وَّفَاكِهَةٍ

سائے میں ، اور ہمیشہ جاری پانی میں ، اور بہت سے میووں

كَثِيْرَةٍ ۙ﴿۳۲﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ۙ﴿۳۳﴾

میں ، جو نہ ختم ہوں اور نہ روکے جائیں ،

وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ؕ﴿۳۴﴾ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ۙ﴿۳۵﴾

اور بلند بچھونوں میں ، بے شک ہم نے ان عورتوں کو اچھی اٹھان اٹھایا ،

فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ۙ﴿۳۶﴾ عُرُبًا اَتْرَابًا ۙ﴿۳۷﴾ لِّاَصْحٰبِ

تو انھیں بنایا کنواریاں اپنے شوہر پر پیاریاں انھیں پیار دلاتیاں ایک عمر والیاں دہنی طرف

الْيَمِيْنِ ؕ﴿۳۸﴾ ع ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۙ﴿۳۹﴾ وَثُلَّةٌ

والوں کے لیے ، اگلوں میں سے ایک گروہ ، اور پچھلوں میں

مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ؕ﴿۴۰﴾ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ

سے ایک گروہ ، اور بائیں طرف والے ،

مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ؕ﴿۴۱﴾ فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۙ﴿۴۲﴾

کیسے بائیں طرف والے ، جلتی ہوا اور کھولتے پانی میں

وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۙ﴿۴۳﴾ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿۴۴﴾

اور جلتے دھوئیں کی چھاؤں میں جو نہ ٹھنڈی نہ عزت کی ،

ع ۱ ۳۸ ۱۴

Marfat.com

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكَانُوْا

بے شک وہ اس سے پہلے نعمتوں میں تھے ۔ اور اس

يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿۴۶﴾ وَكَانُوْا

بڑے گناہ کی ہٹ رکھتے تھے ۔ اور کہتے

يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا

تھے کیا جب ہم مر جائیں اور ہڈیاں مٹی ہو جائیں تو کیا ضرور

ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۷﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾

ہم اٹھائے جائیں گے اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی

قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ

تم فرماؤ بیشک سب اگلے اور پچھلے ضرور اکٹھے کیے جائیں گے

اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا

ایک جانے ہوئے دن کی میعاد پر ، پھر بے شک تم اے

الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ

گمراہو جھٹلانے والو ، ضرور تھوہر کے پیڑ میں

شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾

سے کھاؤ گے ، پھر اس سے پیٹ بھرو گے ،

فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ

پھر اس پر کھولتا پانی پیو گے ، پھر ایسا پیو گے جیسے سخت

شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿۵۵﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۵۶﴾

پیاسے اونٹ پئیں ، یہ ان کی مہمانی ہے انصاف کے دن ،

Marfat.com

نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿۵۷﴾

ہم نے تمہیں پیدا کیا تو تم کیوں نہیں سچ مانتے ،

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿۵۸﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ

تو بھلا دیکھو تو وہ منی جو گراتے ہو کیا تم اس کا آدمی بناتے ہو

اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ

یا ہم بنانے والے ہیں ، ہم نے تم میں مرنا

الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۶۰﴾ عَلٰٓى

مقرر کیا اور ہم اس سے ہارے نہیں ، کہ تم جیسے

اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا

اور بدل دیں اور تمہاری صورتیں وہ کر دیں جس کی تمہیں

تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى

خبر نہیں ، اور بے شک تم جان چکے ہو پہلی اٹھان

فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿۶۳﴾

پھر کیوں نہیں سوچتے ، تو بھلا بتاؤ تو جو بوتے ہو ،

ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿۶۴﴾ لَوْ

کیا تم اس کی کھیتی بناتے ہو یا ہم بنانے والے ہیں ، ہم

نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿۶۵﴾

چاہیں تو اسے روندن کر دیں پھر تم باتیں بناتے رہ جاؤ ،

اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۶۷﴾

کہ ہم پر چٹی پڑی ، بلکہ ہم بے نصیب رہے ،

Marfat.com

أَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِى تَشْرَبُونَ ﴿٦٨﴾ ءَأَنتُمْ

تو بھلا بتاؤ تو وہ پانی جو پیتے ہو ، کیا تم نے

أَنزَلْتُمُوهُ مِنَ الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنزِلُونَ ﴿٦٩﴾

اسے بادل سے اتارا یا ہم ہیں اتارنے والے ،

لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنَٰهُ أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُونَ ﴿٧٠﴾

ہم چاہیں تو اسے کھاری کر دیں پھر کیوں نہیں شکر کرتے ،

أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِى تُورُونَ ﴿٧١﴾ ءَأَنتُمْ

تو بھلا بتاؤ تو وہ آگ جو تم روشن کرتے ہو ، کیا تم نے اس

أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَآ أَمْ نَحْنُ الْمُنشِـُٔونَ ﴿٧٢﴾

کا پیڑ پیدا کیا یا ہم ہیں پیدا کرنے والے ، ہم

نَحْنُ جَعَلْنَٰهَا تَذْكِرَةً وَمَتَٰعًا لِّلْمُقْوِينَ ﴿٧٣﴾ ج

نے اسے جہنم کا یادگار بنایا اور جنگل میں مسافروں کا فائدہ ،

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٧٤﴾ ع فَلَآ أُقْسِمُ ع ۲ ۳۶ ۱۵

تو اے محبوب تم پاکی بولو اپنے عظمت والے رب کے نام کی تو مجھے قسم ہے ان جگہوں

بِمَوَٰقِعِ النُّجُومِ ﴿٧٥﴾ وَإِنَّهُۥ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُونَ

کی جہاں تارے ڈوبتے ہیں اور تم سمجھو تو یہ بڑی قسم

عَظِيمٌ ﴿٧٦﴾ إِنَّهُۥ لَقُرْءَانٌ كَرِيمٌ ﴿٧٧﴾ فِى كِتَٰبٍ

ہے ، بے شک یہ عزت والا قرآن ہے ، محفوظ نوشتہ

مَّكْنُونٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهُۥٓ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ ﴿٧٩﴾ ط

میں ، اسے نہ چھوئیں مگر با وضو ،

Marfat.com

تَنْزِيلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اَفَبِهٰذَا

اتارا ہوا ہے سارے جہان کے رب کا ، تو کیا اس

الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُوْنَ

بات میں تم سستی کرتے ہو اور اپنا حصہ یہ

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ

رکھتے ہو کہ جھٹلاتے ہو ، پھر کیوں نہ ہو جب جان

الْحُلْقُوْمَ ﴿٨٣﴾ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿٨٤﴾

گلے تک پہنچے ، اور تم اس وقت دیکھ رہے ہو

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا

اور ہم اس کے زیادہ پاس ہیں تم سے مگر تمہیں نگاہ

تُبْصِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿٨٦﴾

نہیں ، تو کیوں نہ ہوا اگر تمہیں بدلہ ملنا نہیں ،

تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَاَمَّآ

کہ اسے لوٹا لاتے اگر تم سچے ہو ، پھر وہ مرنے

اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ

والا اگر مقربوں سے ہے تو راحت ہے اور پھول

وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ

اور چین کے باغ ، اور اگر داہنی طرف والوں سے

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ

ہو تو اے محبوب تم پر سلام ہو داہنی طرف والوں

Marfat.com

الْيَمِيْنِ ﴿۹۱﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ

سے ، اور اگر جھٹلانے والے گمراہوں میں سے

الضَّآلِّيْنَ ﴿۹۲﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾ وَّتَصْلِيَةُ

ہو تو اس کی مہمانی کھولتا پانی اور بھڑکتی آگ

جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾

میں دھسانا ، یہ بے شک اعلیٰ درجہ کی یقینی بات ہے ،

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾ ع ۳ ۲۲/۱۶

تو اے محبوب تم اپنے عظمت والے رب کے نام کی پاکی بولو ۔

فضائل سورۂ حشر

سورۂ حشر قرآن پاک کی وہ سورت ہے جس میں اللہ تعالیٰ کے نام کثرت سے بیان ہوئے ہیں ۔ یہ سورت اپنے فضائل کے لحاظ سے بڑی باعظمت ہے کیونکہ حاجت روائی کے لیے اس کے اثرات بہت اکسیر ہیں ۔

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو تو وہ چار رکعت نوافل کو اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ حشر پڑھے اور اس طرح گیارہ روز تک عمل جاری رکھے ، اِن شاء اللہ اس کی جائز حاجت اللہ کی رحمت سے پوری ہو گی

اِس سورۃ کو روزانہ ایک بار پڑھنے کا معمول بنا لینے سے پڑھنے والے کے سابقہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور اگر اسے ۴۱ روز تک روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور میں کسی مرحوم کی بخشش کے لیے دُعا کی جائے تو اللہ اس کی بخشش فرما دے گا ۔

Marfat.com

سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ حشر مدنی ہے. اور اس کی چوبیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝١ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ

اور وہی عزّت و حکمت والا ہے وہی ہے جس نے اِن

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ

کافر کتابیوں کو ان کے گھروں سے نکالا اِن

دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ۭ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ

کے پہلے حشر کے لیے، تمہیں گمان نہ تھا کہ وُہ

يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ

نکلیں گے اور وُہ سمجھتے تھے کہ ان کے قلعے انھیں اللہ سے بچا

مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ

لیں گے تو اللہ کا حکم ان کے پاس آیا جہاں سے ان کا گمان بھی

يَحْتَسِبُوْا ۣ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ

نہ تھا اور اس نے ان کے دِلوں میں رعب ڈالا کہ اپنے گھر

يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي

ویران کرتے ہیں اپنے ہاتھوں اور مسلمانوں کے

وقف النبی علیہ السلام

Marfat.com

الْمُؤْمِنِيْنَ قَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ۝۲

ہاتھوں ، تو عبرت لو اے نگاہ والو ،

وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ

اور اگر نہ ہوتا کہ اللہ نے ان پر گھر سے اجڑنا لکھ دیا

لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۭ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

تھا تو دنیا ہی میں اُن پر عذاب فرماتا اور ان کے لیے آخرت میں

عَذَابُ النَّارِ ۝۳ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۗقُّوا اللّٰهَ

آگ کا عذاب ہے ۔ یہ اس لیے کہ وُہ اللہ سے اور اس کے رسول سے

وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاۗقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ

پھٹے رہے اور جو اللہ اور اس کے رسول سے پھٹا رہے تو بے شک اللہ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۴ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ

کا عذاب سخت ہے ۔ جو درخت تم نے کاٹے یا ان کی جڑوں پر

اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَاۗىِٕمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ

قائم چھوڑ دیئے ، یہ سب اللہ کی اجازت سے تھا

اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَمَآ اَفَاۗءَ اللّٰهُ

اور اس لیے کہ فاسقوں کو رُسوا کرے اور غنیمت دلائی اللہ نے

عَلٰي رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ

اپنے رسول کو ان سے تو تم نے ان پر نہ اپنے گھوڑے دوڑائے

خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ

تھے اور نہ اونٹ ہاں اللہ اپنے رسولوں کے قابو میں دے دیتا ہے

Marfat.com

عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ

جسے چاہے اور اللہ سب کچھ کر سکتا

قَدِيْرٌ ۝٦ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ

ہے۔ جو غنیمت دلائی اللہ نے اپنے رسول کو شہر والوں

اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى

سے وہ اللہ اور رسول کی ہے اور رشتہ

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ

داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں

السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ

کے لیے کہ تمہارے اغنیاء کا مال نہ ہو

مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا

جائے اور جو کچھ تمہیں رسول عطا فرمائیں وہ لے لو اور جس

نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ

سے منع فرمائیں باز رہو، اور اللہ سے ڈرو بے شک

اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝٧ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ

اللہ کا عذاب سخت ہے، ان فقیر ہجرت کرنے والوں کے لیے

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ

جو اپنے گھروں اور مالوں سے نکالے گئے، اللہ کا فضل

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا

اور اس کی رضا چاہتے اور اللہ

وقف لازم

Marfat.com

وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

و رسول کی مدد کرتے ، وہی سچے

الصّٰدِقُوْنَ ۚ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُو الدَّارَ

ہیں ، اور جنھوں نے پہلے سے اس شہر

وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ

اور ایمان میں گھر بنا لیا دوست رکھتے ہیں انھیں جو ان کی طرف

اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً

ہجرت کرکے گئے اور اپنے دلوں میں کوئی حاجت نہیں پاتے اس چیز

مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ

کی جو دیئے گئے اور اپنی جانوں پر ان کو ترجیح دیتے ہیں اگرچہ

كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ

انھیں شدید محتاجی ہو ، اور جو اپنے نفس کے لالچ

نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۚ﴿۹﴾ وَالَّذِيْنَ

سے بچایا گیا تو وہی کامیاب ہیں ، اور وہ جو

جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا

ان کے بعد آئے عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں بخش

وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے

وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور ہمارے دل میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ

Marfat.com

ع ۱۰

رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى

اے رب ہمارے بے شک تو ہی نہایت مہربان رحم والا ہے ، کیا تم نے منافقوں

الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ

کو نہ دیکھا کہ اپنے بھائیوں کافر کتابیوں سے کہتے ہیں

كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ

کہ اگر تم نکالے گئے تو ضرور ہم تمہارے

لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا

ساتھ نکل جائیں گے اور ہرگز تمہارے بارے میں کسی کی نہ مانیں

اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

گے اور اگر تم سے لڑائی ہوئی تو ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے اور اللہ

يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾ لَئِنْ اُخْرِجُوْا

گواہ ہے کہ وہ جھوٹے ہیں ، اگر وہ نکالے گئے

لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا

تو یہ ان کے ساتھ نہ نکلیں گے اور ان سے لڑائی ہوئی تو یہ

يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ

ان کی مدد نہ کریں گے اگر ان کی مدد کی بھی تو پیٹھ پھیر کر

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ

بھاگیں گے پھر مدد نہ پائیں گے ، بے شک ان کے دلوں

رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ

میں اللہ سے زیادہ تمہارا ڈر ہے ، یہ اس لیے کہ وہ

Marfat.com

بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ

نا سمجھ لوگ ہیں ، یہ سب مل کر بھی تم سے نہ

جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ

لڑیں گے مگر قلعہ بند شہروں میں یا دیسوں کے

جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ؕ تَحْسَبُهُمْ

پیچھے آپس میں ان کی آنچ سخت ہے تم انھیں ایک

جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

جتھا سمجھو گے اور ان کے دل الگ الگ ہیں یہ اس لیے کہ وہ

لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ ۚ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

بے عقل لوگ ہیں ان کی سی کہاوت جو ابھی قریب زمانہ میں

قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

ان سے پہلے تھے انھوں نے اپنے کام کا وبال چکھا اور ان کے لیے

اَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾ ۚ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ

دردناک عذاب ہے شیطان کی کہاوت جب اس نے آدمی سے کہا کفر

اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ

کر پھر جب اس نے کفر کرلیا بولا میں تجھ سے الگ ہوں میں

اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ

اللہ سے ڈرتا ہوں جو سارے جہان کا رب ہے تو ان دونوں کا

عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ

انجام یہ ہوا وہ دونوں آگ میں ہیں ہمیشہ اس میں رہے ۔

Marfat.com

ع ۲ ۷ ۵

وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور ظالموں کی یہی سزا ہے ، اے ایمان والو

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ

اللہ سے ڈرو اور ہر جان دیکھے کہ کل کے لیے کیا

لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا

آگے بھیجا اور اللہ سے ڈرو ، بے شک اللہ کو تمہارے کاموں

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا

کی خبر ہے ۔ اور ان جیسے نہ ہو جو اللہ کو بھول بیٹھے تو

اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾

اللہ نے ان کو بلا میں ڈالا کہ اپنی جانیں یاد نہ رہیں وہی فاسق ہیں

لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ

دوزخ والے اور جنت والے برابر نہیں ۔

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ اَنْزَلْنَا

جنت والے ہی مراد کو پہنچے ۔ اگر ہم یہ

هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا

قرآن کسی پہاڑ پر اتارتے تو ضرور تو اسے دیکھتا جھکا ہوا

مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ

پاش پاش ہوتا اللہ کے خوف سے ، اور یہ مثالیں لوگوں

الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾

کے لیے ہم بیان فرماتے ہیں کہ وہ سوچیں ۔

Marfat.com

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہر نہاں و

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ

عیاں کا جاننے والا وہی ہے بڑا مہربان رحمت والا وہی ہے اللہ

الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

جس کے سوا کوئی معبود نہیں بادشاہ نہایت پاک ،

السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ

سلامتی دینے والا امن دینے والا حفاظت فرمانے والا عزت والا عظمت والا

الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ

تکبر والا اللہ کو پاکی ہے ان کے شرک سے وہی ہے

اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ

اللہ بنانے والا پیدا کرنے والا ہر ایک کو صورت دینے والا اسی کے ہیں

الْحُسْنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

سب اچھے نام اس کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾ ع ۳ ۷ ۶

اور زمین میں ہے اور وہی عزت و حکمت والا ہے ۔

فضائل سورۂ جمعہ

سورۂ جمعہ کو اس لیئے جمعہ کہا جاتا ہے کہ اس میں جمعہ پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے، اس کے بارے میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جمعہ کے دن سورۃ الجمعہ اور سورۃ

Marfat.com

المنافقون پڑھا کرتے تھے ۔ مزید تفسیر روح المعانی میں لکھا ہے کہ حضور جمعہ کے دن عشاء کی نماز میں سورۃ الجمعہ اور سورۃ المنافقون پڑھا کرتے تھے (روح المعانی)

سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى عَشَرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ جمعہ مدنی ہے اور اس میں گیارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝١ هُوَ

بادشاہ کمال پاکی والا عزت والا حکمت والا وہی ہے

الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ

جس نے اَن پڑھوں میں انھی میں سے ایک رسول بھیجا کہ ان پر اس کی

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ

آیتیں پڑھتے ہیں اور انھیں پاک کرتے ہیں اور انھیں کتاب اور

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ

حکمت کا علم عطا فرماتے ہیں اور بے شک وہ اس سے پہلے ضرور

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٢ لا وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ

کھلی گمراہی میں تھے ۔ اور ان میں سے اوروں کو پاک کرتے اور

لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٣

علم عطا فرماتے ہیں جو ان اگلوں سے نہ ملے اور وہی عزت والا و حکمت والا ہے ۔

Marfat.com

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝٤ مَثَلُ الَّذِيْنَ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے ۔ ان کی مثال جن پر

حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ

توریت رکھی گئی تھی پھر انھوں نے اس کی حکم برداری نہ کی گدھے

الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ

کی مثال ہے جو پیٹھ پر کتابیں اٹھائے کیا ہی بُری مثال

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى

ہے ان لوگوں کی جنھوں نے اللہ کی آیتیں جھٹلائیں اور اللہ ظالموں کو راہ

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٥ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا

نہیں دیتا ۔ تم فرماؤ اے یہودیو اگر تمھیں

اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ

یہ گمان ہے کہ تم اللہ کے دوست ہو اور لوگ

النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ

نہیں تو مرنے کی آرزو کرو اگر تم سچے

صٰدِقِيْنَ ۝٦ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ

ہو ۔ اور وہ کبھی اس کی آرزو نہ کریں گے ان کرتوتوں کے سبب جو

اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝٧ قُلْ

ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں اور اللہ ظالموں کو جانتا ہے ۔ تم فرماؤ

Marfat.com

اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ

وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو وہ تو ضرور تمہیں

مُلٰقِیْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَیْبِ

ملنی ہے پھر اس کی طرف پھیرے جاؤ گے جو چھپا

وَالشَّهَادَةِ فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸ ع

اور ظاہر سب کچھ جانتا ہے پھر وہ تمہیں بتادے گا جو تم نے کیا تھا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ

اے ایمان والو جب نماز کی اذان ہو جمعہ

مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ

کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو

وَذَرُوا الْبَیْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم

تَعْلَمُوْنَ ۝۹ فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوةُ

جانو، پھر جب نماز ہو چکے تو زمین

فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ

میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش

فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِیْرًا

کرو اور اللہ کو بہت یاد کرو اس امید پر

لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۱۰ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً

کہ تم فلاح پاؤ اور جب انھوں نے کوئی تجارت

Marfat.com

اَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ

یا کھیل دیکھا اس کی طرف چل دیئے اور تمہیں خطبے میں کھڑا چھوڑ گئے

قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ

تم فرماؤ وہ جو اللہ کے پاس ہے، کھیل سے

وَمِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ ع ۲ ۳ ۱۲

اور تجارت سے بہتر ہے، اور اللہ کا رزق سب سے اچھا ہے۔

فضائل سورۃ تغابن

سورۃ تغابن ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہنے کے لیے بہت اکسیر ہے جو شخص سورۃ تغابن کی روزانہ تین بار تلاوت کرے اس کے مال میں برکت ہو گی ظالم کے شر سے محفوظ رہے گا، کوئی دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا، اگر کہیں آسیب ہو تو اس کا اثر ختم ہو جائے گا۔

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانُ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ تغابن مدنی ہے اور اس کی اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں

الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۚ وَهُوَ

اسی کا ملک ہے اور اسی کی تعریف اور وہ ہر چیز

Marfat.com

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝١ هُوَ الَّذِىْ

پر قادر ہے وہی ہے جس نے

خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ؕ

تمھیں پیدا کیا اور تم میں کوئی کافر اور تم میں کوئی مسلمان

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝٢ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اور اللہ تمھارے کام دیکھ رہا ہے ، اس نے آسمان اور زمین

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ

حق کے ساتھ بنائے اور تمھاری تصویر کی تو تمھاری اچھی

صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝٣ يَعْلَمُ مَا فِى

صورت بنائی اور اسی کی طرف پھرنا ہے ، جانتا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ

آسمانوں اور زمین میں ہے اور جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو

وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝٤

اور ظاہر کرتے ہو ، اور اللہ دلوں کی بات جانتا ہے ۔

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ز

کیا تمھیں اُن کی خبر نہ آئی جنھوں نے تم سے پہلے کفر کیا

فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝٥

اور اپنے کام کا وبال چکھا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

یہ اس لیے کہ ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں لاتے

Marfat.com

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا فَكَفَرُوْا

تو بولے کیا آدمی ہمیں راہ بتائیں گے تو کافر ہوئے

وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ

اور پھر گئے اور اللہ نے بے نیازی کو کام فرمایا اور اللہ بے نیاز ہے

حَمِيْدٌ ۝٦ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ

سب خوبیوں کو سراہا کافروں نے بکا کہ وہ ہرگز نہ اٹھائے

يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ

جائیں گے تم فرماؤ کیوں نہیں میرے رب کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے

لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

پھر تمہارے عمل تمہیں جتا دیئے جائیں گے ، اور یہ اللہ کو آسان

يَسِيْرٌ ۝٧ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ

ہے ، تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول اور اس نور

الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝٨

پر جو ہم نے اتارا اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ

جس دن تمہیں اکٹھا کرے گا سب جمع ہونے کے دن وہ دن ہے ہار والوں

التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ

کی ہار کھلنے کا ، اور جو اللہ پر ایمان لائے اور اچھا کام

صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ

کرے اللہ اس کی برائیاں اتار دے گا اور اسے باغوں میں

Marfat.com

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ

لے جائے گا جن کے نیچے نہریں بہیں کہ وہ ہمیشہ ان

فِیْهَا اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝۹ وَالَّذِیْنَ

میں رہیں یہی بڑی کامیابی ہے ۔ اور جنہوں نے

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ

کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں ، وہ آگ والے ہیں ہمیشہ

ع ۱۰ ۱۵ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ۝۱۰ مَاۤ اَصَابَ

اس میں رہیں اور کیا ہی برا انجام ، کوئی مصیبت

مِنْ مُّصِیْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ

نہیں پہنچتی مگر اللہ کے حکم سے ، اور جو

یُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ یَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ

اللہ پر ایمان لائے اللہ اس کے دل کو ہدایت فرمادے گا اور اللہ سب

شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝۱۱ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا

کچھ جانتا ہے ۔ اور اللہ کا حکم مانو اور رسول کا

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا

حکم مانو ، پھر اگر تم منہ پھیرو تو جان لو کہ ہمارے رسول پر

الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ۝۱۲ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ

صرف صریح پہنچا دینا ہے ۔ اللہ ہے جس کے سوا کسی کی بندگی نہیں

وَعَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۳ یٰۤاَیُّهَا

اور اللہ ہی پر ایمان والے بھروسہ کریں ۔ اے

Marfat.com

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ

ایمان والو تمہاری کچھ بیبیاں

وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ

اور بچے تمہارے دشمن ہیں تو ان سے احتیاط رکھو اور اگر

تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

معاف کرو اور درگزر کرو اور بخش دو تو بے شک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ

بخشنے والا مہربان ہے ۔ تمہارے مال اور تمہارے بچے جانچ

فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾

ہی ہیں ۔ اور اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے ۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا

تو اللہ سے ڈرو جہاں تک ہو سکے اور فرمان سنو

وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَنْ

اور حکم مانو اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اپنے بھلے کو اور جو

يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾

اپنی جان کے لالچ سے بچایا گیا تو وہی فلاح پانے والے ہیں ۔

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ

اگر تم اللہ کو اچھا قرض دو گے وہ تمہارے لیے اس کے دونے

لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾

کردے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ قدر فرمانے والا حلم والا ہے ۔

Marfat.com

ع ۲ ۸ ۱۶

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ ع

ہر نہاں اور عیاں کا جاننے والا عزت والا حکمت والا۔

فضائلِ سورۂ مُلک

یہ سُورۃ مکہ معظمہ میں نازل ہُوئی اور اپنے مضمون کے لحاظ سے بڑی اہمیت اور فضیلت رکھتی ہے اس سُورۃ کو تبارک مانعہ منجیہ اور مجادلہ بھی کہا جاتا ہے۔

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اس سُورت کو رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانے میں ہم مانعہ (عذابِ الٰہی سے روکنے والی) کہتے تھے۔ (طبرانی)

سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ ملک مدنی ہے اور اس میں تیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۡ وَهُوَ عَلٰى

بڑی برکت والا ہے وُہ جس کے قبضہ میں سارا ملک اور وُہ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ

قادر ہے، وہ جس نے موت اور زندگی پیدا

وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ

کی کہ تمہاری جانچ ہو تم میں کس کا کام زیادہ اچھا ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ

اور وہی عزت والا بخشش والا ہے جس نے سات آسمان بنائے ایک

Marfat.com

سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ

کے اوپر دوسرا تو رحمٰن کے بنانے میں کیا فرق

مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰی

دیکھتا ہے۔ تو نگاہ اٹھا کر دیکھ تجھے کوئی رخنہ

مِنْ فُطُوْرٍ ۝۳ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ

نظر آتا ہے، پھر دوبارہ نگاہ اٹھا نظر تیری

يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝۴

طرف ناکام پلٹ آئے گی تھکی ماندی۔ اور بیشک

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ

ہم نے نیچے کے آسمان کو چراغوں سے آراستہ کیا

وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ

اور انہیں شیطانوں کے لیے مار کیا اور ان کے لیے بھڑکتی آگ کا

عَذَابَ السَّعِيْرِ ۝۵ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ

عذاب تیار فرمایا اور جنھوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا

عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۶ اِذَآ

ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور کیا ہی برا انجام۔ جب اس

اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ تَفُوْرُ ۝۷

میں ڈالے جائیں گے اس کا رینکنا سنیں گے کہ جوش مارتی ہے

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ؕ كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا

معلوم ہوتا ہے کہ شدتِ غضب میں پھٹ جائے گی جب کبھی کوئی گروہ اس میں

Marfat.com

فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ۝٨

ڈالا جائے گا اس کے داروغہ ان سے پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہ آیا تھا

قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا

کہیں گے کیوں نہیں بیشک ہمارے پاس ڈر سنانے والے تشریف لائے پھر ہم نے جھٹلایا

وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۚ اِنْ

اور کہا اللہ نے کچھ نہیں اتارا ۔ تم تو نہیں

اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ۝٩ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا

مگر بڑی گمراہی میں ۔ اور کہیں گے اگر ہم

نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ

سنتے یا سمجھتے تو دوزخ والوں میں

السَّعِيْرِ ۝١٠ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا

نہ ہوتے ۔ اب اپنے گناہ کا اقرار کیا تو پھٹکار ہو

لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝١١ اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ

دوزخیوں کو ۔ بے شک وہ جو بے دیکھے اپنے رب سے

رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝١٢

ڈرتے ہیں ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے ۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ

اور تم اپنی بات آہستہ کہو یا آواز سے وہ تو دلوں

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝١٣ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ

کی جانتا ہے ۔ کیا وہ نہ جانے جس نے پیدا کیا

Marfat.com

ع ۱۴ ۱

وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ﴿۱۴﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ

اور وہی ہے ہر باریکی جانتا خبردار ۔ وہی ہے جس نے تمہارے لیے

لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا

زمین رام کردی تو اس کے رستوں میں چلو

وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ ۖ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ﴿۱۵﴾

اور اللہ کی روزی میں سے کھاؤ اور اسی کی طرف اٹھنا ہے

ءَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يَخْسِفَ

کیا تم اس سے نڈر ہو گئے جس کی سلطنت آسمان میں ہے کہ تمہیں

بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ﴿۱۶﴾ أَمْ أَمِنتُم

زمین میں دھنسا دے جبھی وہ کانپتی رہے یا تم نڈر ہو گئے

مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ۖ

اس سے جس کی سلطنت آسمان میں ہے کہ تم پر پتھراؤ بھیجے ۔

فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ ﴿۱۷﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ

تو اب جانو گے کیسا تھا میرا ڈرانا اور بے شک ان سے

الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿۱۸﴾

اگلوں نے جھٹلایا تو کیسا ہوا میرا انکار ۔

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ

اور کیا انھوں نے اپنے اوپر پرندے نہ دیکھے پر پھیلاتے

وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَٰنُ ۚ

اور سمیٹتے ، انھیں کوئی نہیں روکتا سوا رحمٰن کے ۔

وقف لازم اختلافی
وقف غفران وقف ملزل

Marfat.com

إِنَّهُۥ بِكُلِّ شَىْءٍۭ بَصِيرٌ ﴿١٩﴾ أَمَّنْ هَٰذَا

بے شک وُہ سب کچھ دیکھتا ہے۔ یا وُہ کون سا

الَّذِى هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن

تمہارا لشکر ہے کہ رحمٰن کے مقابل تمہاری مدد

دُونِ ٱلرَّحْمَٰنِ ۚ إِنِ ٱلْكَٰفِرُونَ إِلَّا فِى

کرے ، کافر نہیں مگر دھوکے میں

غُرُورٍ ﴿٢٠﴾ أَمَّنْ هَٰذَا ٱلَّذِى يَرْزُقُكُمْ إِنْ

یا کون سا ایسا ہے جو تمہیں روزی دے اگر وُہ

أَمْسَكَ رِزْقَهُۥ ۚ بَل لَّجُّوا۟ فِى عُتُوٍّ وَنُفُورٍ ﴿٢١﴾

اپنی روزی روک لے بلکہ وُہ سرکش اور نفرت میں ڈھیٹ بنے ہوئے ہیں

أَفَمَن يَمْشِى مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِۦٓ أَهْدَىٰٓ

تو کیا وُہ جو اپنے منہ کے بل اوندھا چلے زیادہ راہ پر ہے

أَمَّن يَمْشِى سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٢٢﴾

یا وُہ جو سیدھا چلے سیدھی راہ پر۔

قُلْ هُوَ ٱلَّذِىٓ أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ

تم فرماؤ وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے لیے کان

ٱلسَّمْعَ وَٱلْأَبْصَٰرَ وَٱلْأَفْـِٔدَةَ ۖ قَلِيلًا مَّا

اور آنکھ اور دل بنائے کتنا کم حق

تَشْكُرُونَ ﴿٢٣﴾ قُلْ هُوَ ٱلَّذِى ذَرَأَكُمْ فِى

مانتے ہو۔ تم فرماؤ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں

Marfat.com

الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

پھیلایا اور اسی کی طرف اٹھائے جاؤ گے۔ اور کہتے ہیں

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

یہ وعدہ کب آئے گا اگر تم سچے ہو۔

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ص وَاِنَّمَآ اَنَا

تم فرماؤ یہ علم تو اللہ کے پاس ہے اور میں تو صاف صاف

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ

ڈر سنانے والا ہوں، پھر جب اسے پاس دیکھیں گے کافروں

وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا

کے منہ بگڑ جائیں گے اور ان سے فرما دیا جائے گا

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

یہ ہے جو تم مانگتے تھے۔ تم فرماؤ بھلا دیکھو

اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ

تو اگر اللہ مجھے اور میرے ساتھ والوں کو ہلاک کردے یا ہم پر رحم فرمائے

فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾

تو وہ کون سا ہے جو کافروں کو دکھ کے عذاب سے بچا لے گا۔

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ

تم فرماؤ وہی رحمٰن ہے ہم اس پر ایمان لائے اور اسی پر بھروسہ کیا

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾

تو اب جان جاؤ گے کون کھلی گمراہی میں ہے۔

Marfat.com

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

تم فرماؤ بھلا دیکھو تو اگر صبح کو تمہارا پانی زمین میں دھنس جائے

يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾ ع

تو وہ کون ہے جو تمہیں پانی لادے نگاہ کے سامنے بہتا۔

ع ۲ ۱۶ ۲

فضائلِ سُورۂ نُوح

سُورۂ نوح کو اس لیے سُورۂ نوح کہا جاتا ہے کہ اس میں حضرت نوح علیہ السّلام کا قصّہ بیان ہُوا ہے۔ اس سُورۃ کا مقامِ نزول مکّہ معظمہ ہے، اس سُورت کو پڑھنے سے دفاعی قسم کے فیوض و برکات بہت جلد حاصل ہوتے ہیں، اس کے چند فوائد حسبِ ذیل ہیں :-

اس سُورت کو پڑھنے سے ایمان میں پختگی پیدا ہوتی ہے اور اگر کوئی دشمن نیک کام میں رکاوٹ ڈالتا ہو تو اس سُورت کی خیر و برکت سے پسپا ہو جاتا ہے

اگر کسی شخص کو کوئی دشمن بہت تنگ کرتا ہو اور جا بجا ذلیل و خوار کرنے کی کوشش کرتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس سُورت کو گیارہ روز تک روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھے اِن شاء اللہ دشمن سے نجات ملے گی اور ظلم کرنے والا خود ہی اپنے انجام کو پہنچے گا

یہ سُورت مال میں برکت اور تجارت کے نفع کے لیے اکسیر ہے، جو شخص روزی کے مقام پر اس سُورۃ کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے کاروبار میں کوئی رکاوٹ نہ آئے گی، تجارت میں بکثرت نفع ہوگا اور اگر اسے فوٹو کاپی کرا کر تجارت کے مقام پر رقم رکھنے کی جگہ پر رکھے تو اس کے رزق میں بے حد اضافہ ہوگا، رنج و الم سے نجات کے لیے بھی یہ سورت بہت مفید ہے۔

سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ نوح مکی ہے اور اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ

بے شک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ ان کو ڈرا اس

قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ

سے پہلے کہ ان پر دردناک عذاب آئے۔

اَلِيْمٌ ۝۱ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲ لا

اس نے فرمایا اے میری قوم میں تمہارے لیے صریح ڈر سنانے والا ہوں

اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ۝۳ لا

کہ اللہ کی بندگی کرو اور اس سے ڈرو اور میرا حکم مانو

يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى

وہ تمہارے کچھ گناہ بخش دے گا اور ایک مقرر میعاد تک

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَاۗءَ لَا

تمہیں مہلت دے گا بے شک اللہ کا وعدہ جب آتا ہے، ہٹایا

يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۴ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ

نہیں جاتا کسی طرح تم جانتے۔ عرض کی اے میرے رب

دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝۵ لا فَلَمْ يَزِدْهُمْ

میں نے اپنی قوم کو رات دن بلایا، تو میرے بلانے سے

دُعَاۗءِيْٓ اِلَّا فِرَارًا ۝۶ وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ

انھیں بھاگنا ہی پڑا۔ اور میں نے جتنی بار انھیں بلایا

وقف لازم

Marfat.com

لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ

کہ تو ان کو بخشے انھوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں

وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا

اور اپنے کپڑے اوڑھ لیے اور ہٹ کی اور بڑا غرور

اسْتِكْبَارًا ۝۷ ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۝۸ ثُمَّ

کیا۔ پھر میں نے انھیں علانیہ بلایا، پھر میں نے

اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ۝۹

ان سے باعلان بھی کہا اور آہستہ خفیہ بھی کہا۔

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

تو میں نے کہا اپنے رب سے معافی مانگو وہ بڑا معاف فرمانے

غَفَّارًا ۝۱۰ يُّرْسِلِ السَّمَاۗءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝۱۱

والا ہے، تم پر شرائے کا مینہ بھیجے گا۔

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ

اور مال اور بیٹوں سے تمھاری مدد کرے گا اور تمھارے لیے

لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝۱۲ مَا لَكُمْ لَا

باغ بنا دے گا اور تمھارے لیے نہریں بنائے گا۔ تمھیں کیا ہوا اللہ

تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۝۱۳ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ۝۱۴

سے عزت حاصل کرنے کی امید نہیں کرتے حالانکہ اس نے تمھیں طرح طرح بنایا،

اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

کیا تم نہیں دیکھتے اللہ نے کیونکر سات آسمان بنائے ایک پر

Marfat.com

طِبَاقًا ﴿۱۵﴾ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ

ایک اور ان میں چاند کو روشن کیا اور سورج کو

الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ

چراغ بنایا اور اللہ نے تمہیں سبزے کی طرح

الْاَرْضِ نَبَاتًا ﴿۱۷﴾ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا

زمین سے اگایا۔ پھر تمہیں اسی میں لے جائے گا

وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ

اور دوبارہ نکالے گا۔ اور اللہ نے تمہارے لیے زمین

الْاَرْضَ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا

کو بچھونا بنایا کہ اس کے وسیع راستوں میں

فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ ع ۲۰/۹

چلو نوح نے عرض کی اے میرے رب انہوں نے میری نافرمانی کی

وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗٓ

اور ایسے کے پیچھے ہو لیے جسے اس کے مال اور اولاد نے نقصان

اِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾

ہی بڑھایا ، اور بہت بڑا داؤں کھیلے ،

وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ

اور بولے ہرگز نہ چھوڑنا اپنے خداؤں کو اور ہرگز نہ چھوڑنا

وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ

ودّ اور سواع اور یغوث اور یعوق اور

Marfat.com

وَنَسْرًا ﴿۲۳﴾ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ

نسر کو اور بے شک انھوں نے بہتوں کو بہکایا اور تو ظالموں

الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ

کو زیادہ نہ کرنا مگر گمراہی اپنی کیسی خطاؤں پر ڈبوئے

اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ

گئے پھر آگ میں داخل کیے گئے تو انھوں نے اللہ کے مقابل

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿۲۵﴾ وَقَالَ نُوْحٌ

اپنا کوئی مددگار نہ پایا اور نوح نے عرض کی

رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ

اے میرے رب زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا

دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ

نہ چھوڑ بے شک اگر تو انھیں رہنے دے گا تو تیرے بندوں کو گمراہ

وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ رَبِّ

کردیں گے اور ان کے اولاد ہوگی تو وہ بھی نہ ہوگی مگر بدکار بڑی ناشکرا، اے میرے

اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ

رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور اسے جو ایمان کے ساتھ میرے گھر

مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا

میں ہے اور سب مسلمان مردوں اور سب مسلمان عورتوں کو اور کافروں

تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ ع ۱۰ ۲۸

کو نہ بڑھا مگر تباہی۔

Marfat.com

فضائلِ سُورۂ جنّ

قرآنِ پاک کی اس سُورت کو سُن کر بہت سے جنّات حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے دستِ مبارک پر اسلام لائے اس کو سُورۂ جن کہا جاتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تبلیغ کی غرض سے صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ عکاظ کے بازار کی طرف روانہ ہُوئے، راستے میں مقامِ نخلہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نمازِ فجر ادا کر رہے تھے کہ جنّات حاضر ہُوئے اور کلامِ الٰہی سُن کر اپنے ایمان لانے کا اعلان کر دیا۔

یہ سُورت جنّات اور آسیب کے اثرات کو ختم کرنے کے لیے بہت مفید ہے لہٰذا جس شخص پر جنّ کا اثر ہو، اس سُورت کو روزانہ ۴۱ مرتبہ پڑھیں اور گیارہ روز تک پانی دَم کر کے اس شخص کو پلائیں اور آخری دن اس سُورت کی فوٹو کاپی کرا کر تعویذ بنا کر اس آدمی کے گلے میں ڈال دیں، اِن شاء اللہ جن یا آسیب کا اثر ختم ہو جائے گا۔

سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٍ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ جن مکی ہے اور اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ
الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾

تم فرماؤ مجھے وحی ہوئی کہ کچھ جنوں نے میرا پڑھنا کان لگا کر سُنا تو بولے ہم نے ایک عجیب قرآن سُنا

Marfat.com

يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ

کہ بھلائی کی راہ بتاتا ہے تو ہم اس پر ایمان لائے اور ہم

نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ

ہرگز کسی کو اپنے رب کا شریک نہ کریں گے اور یہ کہ ہمارے رب کی

رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ﴿۳﴾

شان بہت بلند ہے نہ اس نے عورت اختیار کی اور نہ بچہ

وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ

اور یہ کہ ہم میں کا بے وقوف اللہ پر بڑھ کر بات کہتا

شَطَطًا ۙ﴿۴﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ

تھا۔ اور یہ کہ ہمیں خیال تھا کہ ہرگز آدمی اور

الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۙ﴿۵﴾

جن اللہ پر جھوٹ نہ باندھیں گے

وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ

اور یہ کہ آدمیوں میں کچھ مرد جنوں کے کچھ مردوں کی پناہ

بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۙ﴿۶﴾

لیتے تھے تو اس سے اور بھی ان کا تکبر بڑھا۔

وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ

اور یہ کہ انھوں نے گمان کیا جیسا تمھیں گمان ہے کہ اللہ ہرگز کوئی

اللّٰهُ اَحَدًا ۙ﴿۷﴾ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا

رسول نہ بھیجے گا اور یہ کہ ہم نے آسمان کو چھوا تو اسے

Marfat.com

مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۙ﴿۸﴾ وَّاَنَّا

پایا کہ سخت پہرے اور آگ کی چنگاریوں سے بھر دیا گیا ہے اور یہ کہ ہم

كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ

پہلے آسمان میں سننے کے لیے کچھ موقعوں پر بیٹھا کرتے تھے پھر اب

يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۙ﴿۹﴾

جو کوئی سنے وہ اپنی تاک میں آگ کا لوکا پائے

وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ

اور یہ کہ ہمیں نہیں معلوم کہ زمین والوں سے کوئی برائی کا ارادہ فرمایا

اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۙ﴿۱۰﴾ وَّاَنَّا مِنَّا

گیا ہے یا ان کے رب نے کوئی بھلائی چاہی ہے اور یہ کہ ہم میں

الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ

کچھ نیک ہیں اور کچھ دوسری طرح کے ہیں ہم کئی راہیں بٹے

قِدَدًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي

ہوئے ہیں اور یہ کہ ہم کو یقین ہُوا کہ ہرگز زمین میں اللہ کے قابو سے

الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ۙ﴿۱۲﴾ وَّاَنَّا لَمَّا

نہ نکل سکیں گے اور نہ بھاگ کر اس کے قبضہ سے باہر ہوں اور یہ کہ ہم نے

سَمِعْنَا الْهُدٰٓى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْ

جب ہدایت سنی اس پر ایمان لائے تو جو اپنے رب پر ایمان

بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ۙ﴿۱۳﴾ وَّاَنَّا

لائے تو اسے نہ کسی کمی کا خوف اور نہ زیادتی کا اور یہ کہ

Marfat.com

مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ

ہم میں کچھ مسلمان ہیں اور کچھ ظالم تو جو اسلام

اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَاَمَّا

لائے انھوں نے بھلائی سوچی اور رہے

الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّاَنْ

ظالم تو وہ جہنم کے ایندھن ہوئے اور فرماؤ

لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ

کہ مجھے یہ وحی ہوئی ہے کہ اگر وہ راہ پر سیدھے رہتے تو ضرور

مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ

ہم انھیں وافر پانی دیتے کہ اس پر انھیں جانچیں اور جو اپنے رب کی یاد

عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾

سے منہ پھیرے وہ اسے چڑھتے عذاب میں ڈالے گا۔

وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ

اور یہ کہ مسجدیں اللہ ہی کی ہیں تو اللہ کے ساتھ کسی کی

اَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ

بندگی نہ کرو اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ اس کی بندگی کرنے کھڑا ہوا

كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ ع قُلْ اِنَّمَآ ۱۱ ۱۹ ع

تو قریب تھا کہ وہ جن اس پر ٹھٹ کے ٹھٹ ہو جائیں تم فرماؤ میں تو

اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ

اپنے رب ہی کی بندگی کرتا ہوں اور کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہراتا تم

Marfat.com

اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ

فرماؤ میں تمہارے کسی بُرے بھلے کا مالک نہیں تم فرماؤ

اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ

ہرگز مجھے اللہ سے کوئی نہ بچائے گا اور ہرگز اس کے

اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ اِلَّا بَلٰغًا

سوا پناہ نہ پاؤں گا مگر اللہ کے

مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ

پیام پہنچاتا اور اس کی رسالتیں اور جو اللہ اور اس کے رسول کا

وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ

حکم نہ مانے تو بے شک ان کے لیے جہنم کی آگ ہے جس میں ہمیشہ

فِیْهَآ اَبَدًا ﴿۲۳﴾ ؕ حَتّٰۤی اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ

ہمیشہ رہیں ، یہاں تک کہ جب دیکھیں گے جو وعدہ دیا جاتا

فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ

ہے تو اب جان جائیں گے کہ کس کا مددگار کمزور اور کس کی

عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ مَّا

گنتی کم ، تم فرماؤ میں نہیں جانتا آیا نزدیک ہے وہ جس کا تمہیں

تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْۤ اَمَدًا ﴿۲۵﴾

وعدہ دیا جاتا ہے یا میرا رب اسے کچھ وقفہ دے گا۔

عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ

غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط

Marfat.com

اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ

نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے کہ ان

فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ

کے آگے پیچھے پہرا مقرر کر دیتا ہے تاکہ

خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّیَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا

دیکھ لے کہ انھوں نے اپنے رب کے پیام

رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَیْهِمْ

پہنچا دیئے اور جو کچھ ان کے پاس سب اس کے علم میں ہے

وَاَحْصٰی كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع ۲ ۹ ۱۲

اور اس نے ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہے

فضائل سورۃ مزمل

سورۃ مزمل بڑی بابرکت سورت ہے کیونکہ اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خصوصی مناسبت ہے اس لیے اس سورت کے فیوض و برکات بے پناہ ہیں۔ یہ سورت خاص کر مصائب سے خلاصی پانے، مشکلات کے آسان ہونے، افلاس کے دور ہونے اور روزی کے فراخ ہونے، نیک اعمال کی طرف دل پھرنے کے لیے بہت مفید ہے۔

